© rasailojaraid.com



**اچھا بچہ کون؟** مؤلفہ: سیّد نظر زیدی ۔ ناشر: عبدالحفیظ احمد ۔ البدر پبلی کیشنز ۲۳ ۔ راحت مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور ۔ قیمت درج نہیں ۔

ہمارے عزیز دوست سیّد نظر زیدی اپنی بہت سی صلاحیتوں کے ساتھ بچوں کے ادب کی نگارش کے ماہر ہیں ۔ آسان زبان میں کہانیاں، تاریخ، شخصیتیں اور واقعات ان کے سامنے خوبی سے پیش کرتے ہیں ۔ بچوں کو جب یہ تلقین کی جاتی ہے کہ " اچھے بچے بنو" تو لازم ہوجاتا ہے کہ ان کو اچھے بچے کا تصوّر دلایا جائے ۔ سیّد صاحب کی یہ آسان اور جلی خط میں لکھی ہوئی کتاب یہ درس دیتی ہے کہ " اچھا بچہ ہونے یا اچھا بچہ نہ ہونے کا تعلّق امیر یا غریب ہونے سے نہیں، بلکہ اچھی عادتیں اپنانے اور اچھی عادتیں نہ اپنانے سے ہے " یہ ہے بنیادی حکمت جو اس مختصر آسان کتاب میں پیش کی گئی ہیں ۔

---

**سیرت سرورِ انبیاء** تصنیف: حافظ ابن کثیرؒ ۔ ترجمہ: غلام احمد حریری ۔ ناشر: کتاب مرکز ۔ بھوانہ بازار، فیصل آباد ۔ قیمت: ۷۵/- روپے

حافظ ابن کثیرؒ کی ایک غیر معروف کتاب سیرت " الفصول فی اختصار سیرۃ الرسول" کا یہ اُردو ترجمہ ہے ۔ یہ کتاب دراصل عربی زبان میں ہے اور پہلی بار قاہرہ میں ۱۳۵۷ھ میں چھپی ۔ زیرِ نظر کتاب اُسی کا ترجمہ ہے ۔ لیکن اس میں بہت سے حواشی کا اضافہ کیا گیا ہے ۔

اس کتاب میں نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم کے حالاتِ زندگی، غزوات اور آپؐ کی نبوت کے خصائص بیان ہوئے ہیں ۔ اندازِ تحریر علمی اور محققانہ ہے ۔ اس میں سیرت پر نہایت اہم معلومات موجود ہیں ۔ اور اس کے مستند ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ یہ حافظ ابن کثیرؒ کی تالیف ہے ۔ اُردو ادب میں سیرت کے موضوع پر یہ مفید اضافہ ہے ۔

(رفیق چوہدری)

---



© rasailojaraid.com